یہ کتاب مضبوط جلد، متوسط کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ چھپی ہے، کمپوزنگ اور سیٹنگ بھی معیاری ہے۔

اے ایمان والو! تالیف: مولانا سعد محمد راشد، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی، صفحات: 421، سائز: 23×36/16، قیمت: 200 روپے

قرآن کریم اللہ رب العزت کی آخری کتاب اور لوگوں کے لیے ضابطۂ حیات اور ہدایت کا پروانہ ہے، جن پر عمل کرنے والوں کو دنیا وآخرت کی سعادتیں اور کامرانیاں نصیب ہو جاتی ہیں، قرآن مجید کی کسی بھی طریقے پر خدمت کرنا بڑی عبادت ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ''اے ایمان والو!'' بھی خدمتِ قرآن کی ایک کڑی ہے، جس میں فاضل مولف نے حضرت مولانا مفتی عاشق الٰہی بلند شہری رحمہ اللہ کی مشہور تفسیر "تفسیر انوار البیان فی کشف اسرار البیان" سے قرآن مجید کی ان نوے (۹۰) آیات کو ترجمہ وتفسیر کے ساتھ جمع کیا ہے جن میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہل ایمان کو "یاایھا الذین آمنوا" کے الفاظ سے خطاب فرما کر مختلف احکامات، ہدایات اور تعلیمات دی ہیں۔

کتاب کا انداز یہ ہے کہ ہر آیت سے پہلے نمبر وار خطاب کا عنوان دیا گیا ہے، اس کے بعد عنوان کے تحت آیتِ قرآنی، پھر اس کا ترجمہ وتفسیر اور اس کے بعد آیت سے مستنبط مختلف احکامات، ہدایات اور تعلیمات کو ذکر کیا ہے۔

یہ مفید کتاب عمدہ کمپوزنگ وسیٹنگ، خوبصورت ٹائٹل اور مضبوط جلد بندی کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔

نفلی عبادات، تالیف: مفتی محمد انصر رؤف، صفحات: 401 سائز: 23x36/16، ناشر: مکتبۃ الرؤف، قیمت: درج نہیں

کتاب کی وجہ تالیف ذکر کرتے ہوئے فاضل مؤلف لکھتے ہیں: ''نفلی عبادات اپنی قدر ومنزلت کے اعتبار سے جس قدر اہم ہیں، لوگوں کی طرف سے ان کے ادا کرنے میں اسی قدر غفلت اور سستی پائی جاتی ہے، اس کی کچھ وجہ تو ان کے احکام سے لاعلمی ہے اور کچھ عدم دلچسپی ہے۔ یہ سوچ کر بندہ کے دل میں تقاضہ پیدا ہوا کہ ایسی کتاب مرتب کی جائے جس میں تمام نفلی عبادات کے احکام ومسائل کو قرآن وحدیث کے تناظر میں قلم بند کیا جائے اور اس میں مزید شوق ورغبت پیدا کرنے کے لیے ساتھ ساتھ فضائل کا بھی ذکر کیا جائے''۔

کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: حصہ اول میں سنت اور نفل نمازوں اور ان سے متعلق فضائل واحکام کو ذکر کیا ہے۔ حصہ دوم میں سال بھر کی مختلف نفلی عبادات کا بیان ہے، حصہ سوم میں تلاوت، اذکار مسنونہ اور درود شریف کے فضائل کو بیان کیا ہے۔ حصہ چہارم میں ادعیہ ماثورہ، ان کے فضائل اور قبولیت دعا کے مواقع وغیرہ کا ذکر ہے۔

نفلی عبادات اور ان کے فضائل واحکام سے متعلق یہ ایک جامع کتاب ہے، ہر بات مستند کتابوں کے حوالے سے بیان کی گئی ہے، آخر میں مسائل تخریج کے عنوان کے تحت بعض اہم فقہی مسائل کی تخریج بھی کی گئی ہے اور مراجع کے عنوان کے تحت جن کتابوں سے استفادہ کیا ہے ان کا بھی ذکر ہے۔

کتاب خوب صورت کتابت، معیاری سیٹنگ اور مضبوط جلد بندی کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ ☆......☆